# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 03 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::::سرخیاں:::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وقف اصلاحات بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ وقف بورڈ کے پاس موجود اضافی زمین‘ غریب مسلمانوں کو دی جائے: ریاستی اقلیتی کمیشن کی اپیل۔

☆ ریاست میں صد روزہ ایکشن پلان کا تصور وسیع پیمانے پر کامیاب رہا: وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں پروفیسرز کی 73 آسامیوں پر بھرتی کے عمل کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آج بھی متعدد مقامات پر غیر موسمی بارش کا امکان۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وقف اصلاحات بل 2025 کل لوک سبھا میں اکثریتِ رائے سے منظور کرلیا گیا۔ ایوان میں 288 ارکان نے بل کی حمایت میں اور 232 ارکان نے بل کی مخالفت میں ووٹ دیئے۔ کم و بیش 12 گھنٹے طویل بحث کے بعد کل شب دیر گئے یہ بل منظور کرلیا گیا۔ اس بل کا مقصد وقف اندراجات کا ڈیجیٹائزیشن‘ وقف املاک سے متعلق اُمور کے بہتر انتظام اور سروے کرنا شامل ہے۔ نئی ترامیم کے مطابق وقف بورڈ میں مسلم معاشرے کے پسماندہ افراد اور خواتین کو نمائندگی دی جائے گی۔ اس بل کی منظوری کے بعد وقف املاک پر تعلیمی ادارے‘ تجارتی مراکز اور رہائشی عمارتوں کی تعمیر کا حق وقف بورڈ کو حاصل ہوگا۔

اس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر برائے اقلیتی اُمور کرین رِجیجو نے وضاحت کی کہ وقف بورڈ کے معاملات کوئی غیر مسلم شخص مداخلت نہیں کرے گا۔ انھوں نے حزبِ اختلاف کے ان الزامات کو بھی مسترد کردیا کہ یہ حکومت اقلیتوں کی مخالف ہے اور کہا کہ کسی کی بھی زمین زبردستی حاصل کرنے کیلئے یہ بل نہیں لایا گیا۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: Kiren Rijiju**

اس سے قبل کل صبح یہ بل ایوان میں پیش کرتے ہوئے کرین رِجیجو نے وضاحت کی کہ محض املاک سے متعلق اُمور کے بہتر انتظامات کیلئے یہ بل لایا جارہا ہے اور حکومت کسی بھی مذہبی مقام کے قواعد وضوابط میں تبدیلی یا مداخلت نہیں کرے گی۔ اسکے بعد بل پر بحث کا آغاز ہوا۔ پنچایت راج کے وزیر راجیو رنجن عرف للّن سنگھ‘ بی جے پی کے روی شنکر پرساد‘ انوراگ سنگھ ٹھاکر‘ شیوسینا کے شری کانت شندے اور دیگر ارکان نے بل کی حمایت میں اظہارِ خیال کیا، جبکہ کانگریس کے وینو گوپال‘ گورو گوگوئی‘ سماج وادی پارٹی کے اکھیلیش یادو‘ ترنمول کانگریس کے کلیان بنرجی‘ سوگت رائے‘ ڈی ایم کے‘ کے اے راجہ‘ شیوسینا اُدّھو باڑاصاحب ٹھاکرے پارٹی کے اروند ساونت‘ راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے نیلیش لنکے اور دیگر ارکان نے بل کی مخالفت کی۔

بحث میں حصہ لیتے ہوئے مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ وقف اصلاحات بل، مسلم برادری کے مفاد میں ہے اور اس بل سے وقف بورڈ میں ہونے والی بدعنوانیوں پر قابو پایا جاسکے گا۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Amit Shah**

ریاستی کمیشن برائے اقلیتی اُمور کے چیئر مین پیارے خان نے وقف اصلاحات بل کا خیر مقدم کیا ہے۔ انھوں نے اپیل کی کہ وقف بورڈ کے پاس موجود اضافی زمینیں معاشی طور پر بدحال مسلمانوں کو دی جائے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Pyare Khan**

***** **** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاست میں سو روز کیلئے دیئے گئے ایکشن پلان کا تصور، وسیع پیمانے پر کامیاب رہا۔ کل ممبئی میں اس خصوص میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس میں انھوں نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت مختلف محکموں کے ذریعے اب تک 411 کاموں سے متعلق کارروائی مکمل کر لی گئی ہے اور بقیہ 372 کام عنقریب مکمل کر لیے جائیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ صد روزہ پروگرام کے مطابق 85 فیصد کام مکمل کرنے کی قابلِ ستائش کارکردگی مختلف محکموں نے دکھائی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے ہدایت کی کہ تمام محکمے آئندہ یکم مئی تک کام مکمل کر لیں اور ہر شعبہ سو روزہ پروگرام کی تفصیلات اپنی ویب سائٹ پر جاری کرے۔

***** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اور بیڑ ضلعے کے رابطہ وزیر اجیت پوار نے ہدایت کی ہے کہ حکومت کی جانب سے ترقیاتی کاموں کیلئے دیئے جانے والے فنڈ کا مناسب استعمال کیا جائے۔ کل بیڑ میں منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے بعد انھوں نے کہا کہ ضلع کے ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈ ز کی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔ تاہم، ان رقومات کا درست اور مناسب استعمال کرنے کی ہدایت انھوں نے کی۔ اجیت پوار نے کہا کہ ضلع میں اسکولی طلبہ کیلئے فلکیاتی مشاہدے کی غرض سے پلانیٹوریم کی تعمیر اور بے زمین افراد کو ان کے حق کے گھر دینے کیلئے جگہ دیئے جانے کی ہدایت ضلع کلکٹر کو دی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اس خصوص میں 75 ہزار مکانات دینے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، تاہم اس کیلئے اراضی کا مسئلہ درپیش ہے اور اس ضمن میں ضلع کلکٹر کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ راشٹروادی کانگریس پارٹی کے نوجوانوں کے اجلاس سے بھی انھوں نے خطاب کیا اور کہا کہ ذات پات کی بنیاد پر پیدا ہونے والے تنازعات کو ختم کرنے کیلئے ہر ایک کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

***** **** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ الیکٹری سٹی ریگولیٹری کمیشن نے ہوٹلوں، ریزارٹس اور اقامتی سہولیات رکھنے والے گیسٹ ہاؤ سیز کو صنعتی بجلی کی شرح میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یکم اپریل سے یہ فیصلہ نافذ العمل ہو چکا ہے۔ اس فیصلے سے ہوٹل کے کاروبار کرنے والوں کو بڑا مالی فائدہ ہوگا۔ MERC نے آئندہ پانچ سالوں میں مرحلہ وار بجلی کے نرخ کم کرنے کی بھی سفارش کی ہے۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کی جانب سے تدریسی عملے کی 73 آسامیوں کیلئے بھرتی کے عمل کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس کیلئے 2 مئی تک مرکزی حکومت کے ''سمرتھ پورٹل'' پر آن لائن طرز پر درخواست دی جاسکتی ہے۔ اس میں پروفیسرز کیلئے آٹھ نشستیں، اسوسی ایٹ پروفیسرز کی 12، اور اسسٹنٹ پروفیسرز کیلئے 53 آسامیاں شامل ہیں۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں تہواروں کے دوران پانی کی فراہمی میں خلل پیدا ہونے کے معاملے پر متعلقہ محکمے اور عوامی نمائندوں کی ہنگامی میٹنگ طلب کرنے کا مطالبہ رکنِ اسمبلی سنجئے کینیکر نے کیا ہے۔اس ضمن میں انھوں نے میونسپل کمشنر جی شری کانت کو ایک مکتوب ارسال کیا ہے اور میونسپل کارپوریشن پر پانی کی فراہمی میں لاپرواہی کا الزام عائد کیا۔

***** ***** *****

پربھنی میونسپل کارپوریشن نے انسدادِ تجاوزات مہم کے تحت 200 سے زائد غیر قانونی تجاوزات ہٹادیئے ہیں۔شہریوں نے ٹریفک جام کی بڑھتی پریشانی کے خلاف شکایت درج کروائی تھی۔جس کے بعد انتظامیہ نے یہ کارروائی کی۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست کے بیشتر مقامات آج غیر موسمی بارش ہونے کے امکان کا اظہار محکمۂ موسمیات نے کیا ہے۔ چند ایک مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری کا بھی خدشہ ہے۔

اسی دوران، ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت 40 اعشاریہ دو ڈگری سیلسئیس برہم پوری میں ریکارڈ کیا گیا۔مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر میں 35 اعشاریہ آٹھ، دھاراشیو میں 38 اور بیڑ میں 39 اعشاریہ آٹھ ڈگری درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وقف اصلاحات بل لوک سبھا میں منظور۔

☆ وقف بورڈ کے پاس موجود اضافی زمین، غریب مسلمانوں کو دی جائے: ریاستی اقلیتی کمیشن کی اپیل۔

☆ ریاست میں صد روزہ ایکشن پلان کا تصور وسیع پیمانے پر کامیاب رہا: وزیرِ اعلیٰ کا عندیہ۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں پروفیسرز کی 73 آسامیوں پر بھرتی کے عمل کا آغاز۔

اور۔۔۔☆ ریاست میں آج بھی متعدد مقامات پر غیر موسمی بارش کا امکان۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****